خبر نامہ ادارۂ تحقیق و تصنیف اسلامی (۶۳)

☆علمی حلقوں اور خاص کر ادارۂ تحقیق کے وابستگان کے لیے یہ خبر بہت رنج والم کا باعث ہوگی کہ مؤرخہ ۱۸/ فروری ۲۰۱۷ء کو سکریٹری ادارہ ڈاکٹر صفدر سلطان اصلاحی ایک سڑک حادثے میں جاں بحق ہوگئے۔ وہ ادارہ کی مجلس منتظمہ میں شرکت کے لیے پروفیسر ظفر الاسلام اصلاحی رکن مجلس منتظمہ ادارہ کے ساتھ بذریعہ کار علی گڑھ سے دہلی آرہے تھے کہ راستے میں اچانک ان کی کار ایک ٹرک سے ٹکرگئی۔ صفدر صاحب زخموں کی تاب نہ لاسکے، جب کہ ظفر الاسلام صاحب کو چوٹیں آئیں۔ علاج معالجہ کے بعد الحمد للہ اب وہ روبہ صحت ہیں۔ اللہ تعالیٰ صفدر صاحب کی خدمات کو قبول فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور پس ماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ مرکز جماعت سے مولانا سید جلال الدین عمری، امیر جماعت و صدر ادارہ، جناب نصرت علی، نائب امیر جماعت، ڈاکٹر محمد رفعت خازن ادارہ، ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی، سکریٹری تصنیفی اکیڈمی اور دیگر حضرات نے نماز جنازہ میں شرکت کی اور اہل خانہ سے تعزیت کی۔ ۲۳/ فروری کو ادارہ میں تعزیتی نشست منعقد ہوئی۔

☆ ادارہ کی مجلس منتظمہ کا اجلاس ۱۱/ مارچ، پھر ۲۹/ مارچ ۲۰۱۷ء کو منعقد ہوا۔ اس میں اہم فیصلے کیے گئے۔ جناب صدیق حسن، جناب محمد جعفر اور پروفیسر احمد سجاد کا استعفا مجلس منتظمہ کی رکنیت سے منظور کیا گیا۔ مولانا امین عثمانی، سکریٹری اسلامک فقہ اکیڈمی نئی دہلی اور ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی کو ادارہ کا تاسیسی رکن منتخب کیا گیا۔ مؤخر الذکر کو ادارہ کا سکریٹری بھی مقرر کیا گیا۔ ادارہ کے اسکالر جناب مجتبیٰ فاروق کو ادارہ کے شعبۂ علمی کا رکن منتخب کیا گیا۔

☆ مولانا سید جلال الدین عمری، صدر ادارہ کا ایک کتابچہ 'مسلم پرسنل لا کے بعض مسایل' مرکزی مکتبہ اسلامی پبلشرز نئی دہلی سے شائع ہوا ہے۔ یہ اصلاً مولانا کے ان خطبوں کا مجموعہ ہے جو انہوں نے مسجد اشاعت اسلام میں دیے تھے۔ ان میں اسلام کے عائلی قوانین: تعدد ازواج، طلاق، خلع وغیرہ پر کیے جانے والے اعتراضات کا جواب دیا گیا ہے اور مسلم پرسنل لا کی اہمیت واضح کی گئی ہے۔ صفحات: ۳۲، قیمت/ ۲۳ روپے۔

☆ مولانا عمری کی بعض اہم کتابوں کے تراجم شائع ہوئے ہیں۔ 'اسلام — انسانی حقوق کا پاسبان' عصری اہمیت کے حامل موضوع پر ان کی ایک اہم تالیف ہے۔ اس کا انگریزی ترجمہ ڈاکٹر محمد رفعت، خازن ادارۂ تحقیق نے کیا ہے، جو Islam The Bastion of Human Rights کے نام سے مرکزی مکتبہ سے شائع ہوا ہے۔ صفحات:۱۶۸، قیمت ۔/۱۷۰ روپے۔ اسلامی معاشرت پر مولانا کی اہم تصنیف 'اسلام کا عائلی نظام' کا انگریزی ترجمہ جناب پرویز منڈوی والا نے کیا ہے اور اس کی اشاعت Family Systam of The Islam کے نام سے مرکزی مکتبہ سے ہوئی ہے۔ صفحات:۲۱۶، قیمت ۔/۱۳۵ روپے ۔مولانا کے ایک کتابچہ 'قرآن کا نظامِ خاندان' کا تلگو ترجمہ جناب عبدالوحید نے کیا ہے اور اسے تیلگو اسلامک پبلی کیشنز ٹرسٹ حیدرآباد نے شائع کیا ہے۔ صفحات: ۲۴، قیمت ۔/۳۰ روپے۔

☆ جماعت اسلامی ہند کی مسلم پرسنل لا بیداری مہم (۲۳/اپریل تا ۷/مئی ۲۰۱۷ئ) کے تحت ڈاکٹر محمد رضی الاسلام ندوی سکریٹری ادارہ نے ۳ تا ۷/مئی راجستھان کا دورہ کیا، جہاں سوائی مادھو پور، سان گوڈ، کوٹہ، جودھ پور اور جے پور میں ان کے خطابات ہوئے۔

☆ مسلم پرسنل لا بیداری مہم کے تحت ۲۳/ اپریل ۲۰۱۷ء کو علی گڑھ مسلم یونی ورسٹی میں ایک پروگرام منعقد ہوا، جس میں رکن ادارہ مولانا کمال اختر قاسمی نے 'طلاق مسئلہ نہیں، مسئلہ کا حل ہے' کے عنوان پر تقریر کی۔

☆ دارالعلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ کی شاخ مدرسۃ العلوم الاسلامیہ علی گڑھ میں ۷/ مارچ ۲۰۱۷ء کو طلبہ کے سالانہ مقابلے ہوئے۔ اس کے اختتامی پروگرام کی صدارت مولانا کمال اختر قاسمی نے کی اور 'مسلمانوں کی زبوں حالی کا ذمہ دار کون؟' کے موضوع پر اظہار خیال کیا۔

☆ ادارہ کے زیر تربیت اسکالرس کی انجمن 'رائٹرس فورم' کا پروگرام پروفیسر یوسف امین، شعبۂ علم الادویہ، طبیہ کالج، مسلم یونی ورسٹی علی گڑھ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اس میں ادارہ کے اسکالر جناب مجتبیٰ فاروق نے 'مریم جمیلہ کے چند افکار' کے موضوع پر مقالہ پیش کیا۔ اس کے بعد شرکاء نے مباحثہ میں حصہ لیا۔ ☆☆☆